BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔
# مووی تھیئٹرز

CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز

اس گائیڈ میں کیا ہے؟

آہستہ آہستہ دوبارہ شروع کریں
(مرحلہ IV)

## شکاگو کو احتیاط سے دوبارہ کھولنے کے لیے مندرجہ ذیل درکار ہے:

### آپریشنل لچک اور نگرانی

#### لچک پذیر ماڈلز

بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام (جب ممکن ہو)

#### آپریشن سے متعلق لچک

آپریشن سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون (جیسے، متعدد شفٹس)

#### سفر سے متعلق رہنما خطوط

مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

#### جانچ کرنا / ٹریک کرنا

جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسانی

### محفوظ جگہیں اور حالات

#### داخلہ تک رسائی

جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/اخراج کی حالت

#### صفائی کے معیارات

جگہ کو جراثیم سے پاک کرنے کی خاطر لیے گئے اقدامات

#### مرئی رہنمائی

جگہ پر پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

#### جائے کار کے حالات

لوگوں کی تعداد، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

### صحت مندانہ میل جول

#### سماجی دوری

دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

#### مجمع کا سائز

افراد کے مجمع پر تحدیدات

#### حفاظتی اسباب

افراد کا استعمال برائے حفاظتی اسباب

#### حفظان صحت کے تقاضے

صحت و صفائی سے متصف میل جول کو یقینی بنانا (جیسے، ہاتھ دھونا)

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز

تمثیلی مثال




## کیا چیز مختلف ہو سکتی ہے؟

1. حاضرین / ملازمین کا **بیٹھ کر کھانے/پینے کے علاوہ ہر وقت چہرے فیس کورنگ پہننا لازم ہے**

2. سماجی دوری کو یقینی بنانے کے لیے گروپس کے بیچ **قطاریں یا سیٹس منسوخ کر دی گئی ہیں**

3. سماجی دوری کے لیے ایک گھر کے لوگوں کو ساتھ بٹھائیں **گروپس کے بیچ مناسب فاصلے کے ساتھ**

4. **مرئی علامتی تختی** جو حفظان صحت، سماجی دوری، مناسب PPE وغیرہ کے سلسلے میں پوری فسیلیٹیز میں آویزاں کی گئی ہو



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں- مووی تھیئٹرز

صحت مندانہ میل جول

## افراد کے درمیان >6 فٹ کو یقینی بنائیں

- یقینی بنائیں کہ حاضرین ہر وقت 6 فٹ کی سماجی دوری پر عمل کریں؛ اگر درمیان میں رکاوٹ موجود ہو تو نشستوں کے درمیان 3 فٹ کے فاصلے کی اجازت دیں
- ایک ہی گھرانے کے اراکین ایک ساتھ بیٹھیں؛ بچوں کو ہر وقت والدین/سرپرستوں کے ساتھ رہنا چاہئے
- وہ علاقے جہاں لوگ قطار لگاتے ہیں انہیں واضح طور پر 6 فٹ فاصلے کے لئے نشان زد کر دینا چاہئے (جیسے، داخلے کے راستے)
- جہاں 6 فٹ کی سماجی دوری ممکن نہیں ہے وہاں ٹھوس رکاوٹوں کی حوصلہ افزائی کریں (جیسے، داخلے کے راستے)
- اگر ممکن ہو، عملے کو تمام شوز کے لئے سماجی دوری نافذ کرنے کے لئے وقف کریں (ہر 10 شرکاء کے لئے ایک عشر/عملے کے رکن کی تجویز کریں)



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز

## صحت مندانہ میل جول

### نشستوں کی گنجائش کو 40% تک محدود کر دیں، اجتماع 50 افراد تک محدود ہو

- ہر اندرونی جگہ / کمرا (جیسے ایک تھیٹر) کو
  - سماجی دوری پر عمل کرتے ہوئے 50 لوگوں تک، یا
  - 40% گنجائش تک محدود کریں (ان میں سے جو بھی کم ہو)
- بیرونی جگہوں کے لیے گھر کے افراد کے علاوہ لوگوں کے اجتماعات کو 100 افراد تک محدود کریں (جیسے، بیرونی جگہیں) اگر گروپ زیادہ تر حرکت نہیں کرتا (جیسے ٹیبلز پر بیٹھے رہنا) اور سماجی دوری پر عمل کرتا ہے
- ٹکٹس کی فروخت کو تھیئٹر میں منظور شدہ حاضرین کی تعداد تک محدود کر دیں (چاہے گنجائش کی پابندی سے محدود ہو یا مجمع کے سائز کی پابندی سے)



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز

## صحت مندانہ میل جول

### سبھی کے لئے فیس کورنگ ضروری ہے

- کسی بھی بیرونی اور اندرونی عام جگہ پر، 2 سال سے زیادہ عمر کے تمام افراد کے لئے ناک اور منہ پر فیس کورنگ پہننا ضروری ہے (ایسے طبی حالات یا عذر والے افراد کے لئے مستثنیات پیش کیے جا سکتے ہیں جن کے لیے چہرے کو ڈھانپنا نقصان دہ ہو)
- حاضرین کے بیٹھ کر کھانے یا پینے کے دوران فیس کورنگ لازمی نہیں ہے
- طبی وجوہات نہ ہونے کے باوجود فیس کورنگ سے انکار کرنے والے شخص کو داخلے سے روک دیں؛ دستیاب ہونے پر، داخلہ کے وقت ماسک فراہم کیے جا سکتے ہیں

### جہاں بھی ممکن ہو، داخلہ/اخراج کے مقامات پر ہینڈ سینیٹائزر فراہم کریں؛ کوئی مشترکہ اشیاء نہیں ہونی چاہئیں

- کم از کم عمارت کے داخلی راستے پر صفائی کا اسٹیشن فراہم کریں۔ اگر دستیاب ہو تو، سہولیات میں اسٹیشنوں کو آسانی سے قابل رسائی بنائیں
- تمام عملے کو صفائی کی نئی پالیسیوں اور طریقہ کار کی تربیت کھلنے سے پہلے دیں
- عملے اور عام لوگوں کو آپریٹنگ کے نئے طریقے بتائیں



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں- مووی تھیئٹرز

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

### ملازمین اور مہمانوں کے لیے داخلے کے وقت صحت کی جانچ کا مطالبہ کریں

- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کے صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- ادارے کے اندر داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننگ کریں (جیسے، سوالنامہ - ضمیمہ دیکھیں)
  تاکہ یہ یقینی ہو سکے کہ COVID-19 کی کوئی علامات نہیں ہیں
- ملازمین میں اگر علامات نظر آ رہی ہوں یا وہ بیمار محسوس کرنے کی رپورٹ کر رہے ہوں تو انہیں کام پر رپورٹ نہیں کرنا چاہیے یا انہیں کام پر رہنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے

### داخلہ/اخراج کی جگہ کی نگرانی کریں اور سماجی دوری کو یقینی بنائیں

- ٹریفک کی روانی کا نظم کرنے کے لئے داخلہ/اخراج کے مقامات کی نگرانی کریں
- داخل ہونے/باہر نکلنے کے دوران جہاں بھی ممکن ہو دروازوں کو کھلا رکھیں
- اگر ممکن ہو تو بیرونی سکیورٹی کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ لوگوں کو داخلہ اور اخراج کے مقامات پر راستہ دکھایا جا سکے اور رابطے کو کم سے کم کر سکیں
- داخلہ اور ٹکٹ/کھانے کی خریداری کے بعد، افراد کی مشترکہ جگہوں پر بھیڑ بھاڑ سے بچنے کے لیے فوراً نشستوں پر چلے جانے کی حوصلہ افزائی کریں
- اگر جگہ بھر جائے یا 6 فٹ کی دوری ممکن نہ ہو تو اضافی لوگوں کو داخل ہونے سے منع کریں



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات

### بیٹھنے اور زیادہ بھیڑ والی جگہوں کو بار بار صاف کریں

- شوز کے درمیان اور دن کے اختتام پر تمام تھیئٹرز کو صاف کریں (جیسے استعمال ہونے والی نشستیں، ریلنگز، ہاتھ رکھنے کی جگہ)
- زیادہ رابطوں کی سطحوں (جیسے دروازوں کے ہینڈلز، کاؤنٹر کے اوپر کے حصے، عوامی آرام گاہیں، لائٹ کے سوئچز، مائیکروفونز) اور زیادہ ٹریفک کے علاقوں (جیسے باتھ رومز) پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے عوامی علاقوں میں صفائی ستھرائی میں اضافہ کریں

### کسی بھی داخلے/خارجی راستوں اور زیادہ ٹریفک کے کسی بھی عام مقام پر علامتی تختی فراہم کریں

- سماجی دوری، ہاتھ دھونے، فیس کورنگ پہننے، اور بغیر رابطہ والے تسلیمات کے استعمال کو فروغ دینے کے لئے بصری رہنمائی شائع کریں
- ٹریفک کی روانی کو ڈائریکٹ کرنے کے لئے بصری رہنمائی فراہم کریں

### سماجی دوری کو یقینی بنانے کے لئے بیٹھنے کے انتظام کو بہتر بنائیں

- 6 فٹ دوری کی اجازت دینے کے لئے نشستوں کو دوبارہ ترتیب دیں (مقررہ بیٹھنے کی جگہوں پر قطاروں کو روکنا بھی شامل ہو سکتا ہے)
- 6 فٹ دوری کو بیان کرنے کے لئے نشست پر بصری نشانات، اسی طرح ہر قطار میں اجازت یافتہ افراد کی زیادہ سے زیادہ تعداد کی نشاندہی کرنے کے لئے علامتی تختیوں کی حوصلہ افزائی کریں
- زیادہ بھیڑ بھاڑ والی جگہوں (جیسے لابی) میں فرنیچر کو ہٹانے، ان کو غیر فعال کرنے، یا فاصلہ قائم کرنے پر غور کریں

BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز
## آپریشنز اور نگرانی

### عملہ کے لیے کام کا لچکدار ماڈل تیار کریں

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ ملازمین جو گھر سے کام کر سکتے ہیں وہ ایسا کرنا جاری رکھیں
- ملازم کی شفٹوں کی اوورلیپ کو کم سے کم کریں۔ جہاں ممکن ہو

### داخلے، اخراج اور سیٹنگ کو کنٹرول کرنے کے طریقوں پر غور کریں

- جہاں ممکن ہو، حاضرین کی ان کی آمد سے پہلے اپنی نشست منتخب کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں، جس سے گروپس کے بیچ قطاریں یا نشستیں روکنے کا اپشن مل جائے گا
- داخلے کی نگرانی کے لیے حاضرین کو پہنچنے کے اوقات کی تجویز کریں
- مووی شروع ہونے کے اوقات کو اس طرح ترتیب دیں کہ ملاقات کی جگہوں (مثلاً لابی اور ٹکٹ لینے کی جگہ) اور داخلے/باہر نکلنے کی جگہوں پر تعامل کم سے کم ہو
- جہاں ممکن ہو مووی بیرونی جگہوں پر دکھائیں



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز
## آپریشنز اور نگرانی

### عملے کے سفر کو محدود کریں

- متعدد مقامات والے مختلف مووی تھیئٹرز کے بیچ ملازمین کا سفر کم سے کم کریں

### جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے لیے CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہے تو انہیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- اگر جانچ سے کسی ملازم کی شناخت COVID-19 مثبت کے بطور ہوتی ہے تو CDC کے رہنما خطوط کے مطابق صفائی اور جراثیم ربائی ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود قرنطینہ میں رکھنا چاہیئے
- اگر کسی مووی تھیئٹر کو 14 دنوں کے اندر اسٹبلشمنٹ سے وابستہ امکانی طور پر 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو ملازمین سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی تجاویز کی تعمیل کریں



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز

ضمیمہ

## فرہنگ

**مجمع**: ایک سنگل گھرانے سے باہر افراد کا ایک گروپ جو ایک بے ساختہ یا منصوبہ بند پروگرام کا حصہ ہے اور دس منٹ سے زیادہ تک بات چیت کر رہا ہے

**ہاتھ دھونا**: کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم کش کا استعمال کرکے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری**: افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کا طبعی فاصلہ۔

**PPE**: ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

## از خود اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ:** ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجہ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو سانس لینے میں کوئی نئی دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟



BE SAFE CHICAGO

# محفوظ رہیں۔ مووی تھیئٹرز
## عوامی صحت عامہ کے وسائل

## مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

### جائے کار سے متعلق عمومی رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جواب کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیش قدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ:*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی*
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:*
https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

### مووی تھیئٹر سے متعلق رہنمائی

**CDC**– *تھیئٹر میں تحفظ اور صحت:*
https://blogs.cdc.gov/niosh-science-blog/2012/06/11/theater/

### اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی آراء کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا بعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ اس مواد سے متعلق سوالات کے جوابات کے لیے خارجی سائٹ سے رابطہ کریں۔



BE SAFE CHICAGO